پاکستان شاہینز ایمرجنگ ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گئی

- سیمی فائنل میں سری لنکا اے کو 60 رنز سے شکست، عمیر کے 88 رنز، ارشد اقبال کی پانچ وکٹیں

کولمبو 21 جولائی، 2023:

پاکستان شاہینز نے ایمرجنگ ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں سری لنکا اے کو 60 رنز سے شکست دیدی۔

اتوار کے روز ہونے والے فائنل میں پاکستان شاہینز کا مقابلہ انڈیا اے اور بنگلہ دیش اے کے درمیان دوسرے سیمی فائنل کی فاتح ٹیم سے ہوگا۔

جمعہ کے روز پی سارا اوول میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور 50 اوورز میں 322 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی جس میں عمیر بن یوسف کے 88 اور کپتان محمد حارث کے 52 رنز نمایاں تھے۔

جواب میں سری لنکا اے کی ٹیم 262 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

ارشد اقبال نے 37 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز کی اننگز کا آغاز صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان نے کیا۔ یہ دونوں بالترتیب 22 اور 12 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

عمیر بن یوسف نے ذمہ داری سے کھیلتے ہوئے 79 گیندوں پر 88 رنز اسکور کیے جس میں ایک چھکا اور دس چوکے شامل تھے۔

انہوں نے طیب طاہر کے ساتھ تیسری وکٹ کی شراکت میں 61 رنز کا اضافہ کیا۔ طیب طاہر نے 26 رنز بنائے۔

کپتان محمد حارث اور مبصر خان کے درمیان چھٹی وکٹ کی شراکت میں بننے والے 73 رنز ٹیم کے لیے کارآمد ثابت ہوئے۔

محمد حارث نے 43 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 52 رنز اسکور کیے ان کی اس اننگز میں پانچ چوکے شامل تھے۔

مبصر خان نے دو چھکوں اور دو چوکوں کی مدد سے 42 رنز بنائے۔

محمد وسیم جونیئر نے دو چھکوں اور ایک چوکے کی مدد سے 24 رنز کی اننگز کھیلی۔

سری لنکا اے کی طرف سے لاہیرو سماراکون اور چامیکا کرونارتنے نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

سری لنکا اے کی تین وکٹیں 33 رنز پر گر گئی تھیں اس مرحلے پر اوپنر اوشکا فرنینڈو اور ساہن اراچیگے نے چوتھی وکٹ کی شراکت میں 124 رنز کا اضافہ کیا۔

اوشکا فرنینڈو 12 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 97 رنز بنا کر سفیان مقیم کی گیند پر حارث کے ہاتھوں اسٹمپڈ ہو گئے۔

ساہن اراچیگے بھی صرف تین رنز کی کمی سے لسٹ اے ون ڈے میچوں میں اپنی پہلی سنچری اسکور کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے اور بارہ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 97 رنز بنا کر مبصر خان کی گیند پر بولڈ ہو گئے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے ارشد اقبال کی پانچ وکٹوں کے علاوہ مبصر خان اور سفیان مقیم نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔322 رنز آل آؤٹ (50 اوورز) عمیر بن یوسف 88۔ محمد حارث 52۔ مبصر خان 42۔

سری لنکا اے 262 رنز۔ (45 اعشاریہ 4 اوورز)۔ ساہن اراچیگے 97۔ اوشکا فرنینڈو 97۔ ساہن اراچیگے۔ ارشد اقبال 37/5 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi · TCL · PARKVIEW CITY · TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW · sky sports · SuperSport · FOX SPORTS · sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia